ہندو دیوتا کا مجسمہ توڑے جانے سے متعلق میڈیا کے سوالوں کا سرکاری ترجمان کا جواب

24 دسمبر، 2025

ہندو دیوتا کا مجسمہ توڑے جانے کے بارے میں میڈیا کے سوالوں کے جواب میں، سرکاری ترجمان جناب رندھیر جیسوال نے کہا:

ہم نے رپورٹس میں دیکھا ہے کہ تھائی لینڈ اور کمبوڈیا کے سرحدی تنازعہ کے متاثرہ علاقے میں حال ہی میں تعمیر کردہ ایک ہندو دیوتا کی مورتی توڑ دی گئی ہے۔

ہندو اور بدھ مت کے دیوتا پورے خطے میں لوگوں کے لیے نہایت مقدس اور قابلِ احترام تصور کیا جاتا ہے، اور انہیں ہماری مشترکہ تہذیبی وراثت کے جزو کے طور پر پوجا جاتا ہے۔

علاقائی دعوؤں سے قطعِ نظر اس طرح کے توہین آمیز اقدامات سے دنیا بھر عقیدت مندوں کے جذبات مجروح ہوتے ہیں، اور اس طرح کے واقعات ہرگز پیش نہیں آنے چاہیے۔

ہم ایک بار پھر دونوں فریقوں سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ بات چیت اور سفارت کاری کی راہ اختیار کریں، امن بحال کریں، اور انسانی جانوں کے مزید ضیاع نیز املاک اور ثقافتی ورثے کو پہنچانے والے نقصان دہ اقدامات سے گریز کریں۔

نئی دہلی
24 دسمبر، 2025